## غریب عوام کا خاموش انقلاب ملک میں دستک دے رہا ہے، الطاف حسین

## صدر اور وزیراعظم، صوبائی وزراء اعلیٰ، وفاقی وصوبائی کابینہ سے کہا کہ وہ آٹے اور چینی کی فراہمی کیلئے اقدامات کریں

## ورنہ غریب عوام سیلاب اٹھ رہا ہے وہ سب کے تخت وتاج بہا کر لے جائے گا

## ملک کے موجودہ حالات کے باعث سالگرہ کی تقریبات انتہائی سادگی سے منائیں

## نائن زیرو اور سندھ کے دیگر شہروں میں سالگرہ کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔17/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متوسط اور غریب عوام کا خاموش انقلاب ملک میں دستک دے رہا ہے۔ انہوں نے صدر اور وزیراعظم، صوبائی وزراء اعلیٰ، وفاقی وصوبائی کابینہ سے کہا کہ وہ آٹے اور چینی کی فراہمی کیلئے اقدامات کریں ورنہ غریب عوام کا جو سیلاب اٹھ رہا ہے وہ سب کے تخت وتاج بہا کر لے جائے گا یہ بات انہوں نے اپنی 56ویں سالگرہ کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین کا یہ خطاب کراچی سمیت سندھ کے دیگر شہروں میں بھی سنا گیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ملک جس سنگین اور المناک واقعات سے گزر رہا ہے اس سے ملک کے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام بھی ان حالات اور واقعات سے بخوبی آگاہ ہیں اور ملک کے عوام بھی انتہائی المناک حالات سے دوچار ہیں، ملک میں آٹے اور چینی کا بحران ہے اور ان کے حصول کیلئے سخت گرمی اور دھوپ کی شدت میں عوام گھنٹوں لمبی لمبی قطاریں لگانے پر مجبور ہیں جس کے باعث بہت سے خواتین، مرد، بچے، بچیاں جاں بحق ہو چکے ہیں حال ہی میں سانحہ کھوڑی گارڈن میں آٹے، چینی اور راشن کے حصول کیلئے جو خواتین جمع تھیں وہاں ان کا رش بہت زیادہ تھا جہاں مائیں بہنیں پیروں تلے دب جانے کی وجہ سے جاں بحق ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ ان حالات میں پاکستان کا ہر وہ شہری جو درمند دل رکھتا ہے اس کی آنکھیں اشکبار ہیں جگہ جگہ ماتم اور سوگ ہے۔ لہٰذا میں عوام سے مودبانہ درخواست کرتا ہوں کہ عوام میری سالگرہ انتہائی سادگی سے منائیں اور جو حالیہ دنوں میں جاں بحق ہوئے ان کے لواحقین کے دکھ درد میں شریک ہونے کیلئے ان کے گھروں پر جائیں اور ان کا غم بانٹیں اور برائے مہربانی میری سالگرہ کے موقع پر موسیقی کا کوئی پروگرام نہ ترتیب دیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسی طرح صوبہ بلوچستان میں بھی آہیں، سسکیاں اور آنسو ہیں، بلوچ عوام بہت پریشانی کے عالم میں ہیں، بلوچ عوام سے اظہار ہمدردی کے لئے بھی میری سالگرہ جوش وخروش کے بجائے انتہائی سادگی سے منائیں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں حکومت میں شامل وہ افراد جن کی آٹے اور شوگر کی ملیں ہیں خواہ وہ وفاق میں ہوں یا کسی صوبے میں ہوں اور ان سے بھی جو اپوزیشن میں ہیں ان سے میں کہتا ہوں کہ وہ اپنی جماعت کے ایسے لوگوں سے جو آٹے اور چینی کی ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کر رہے ہیں ان سے باز پرس کیوں نہیں کرتے وہ ایسا رمضان کے مقدس مہینے میں بھی کر رہے ہیں جس کے باعث عوام آٹے اور چینی کیلئے ملک بھر میں جگہ جگہ قطاریں بنا رہے ہیں، حکومت اور اپوزیشن میں شامل جماعتوں کے رہنماء اپنے لوگوں سے کہیں کہ آٹے اور چینی کی اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی ختم کرو ورنہ یاد رکھو کہ بھوک، افلاس غربت اور بے روزگاری سے تنگ آنے والے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے 98 فیصد عوام ایسی مفلسانہ زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جس کے باعث خاموش انقلاب ملک میں دستک دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 62 سالوں میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کو آزما چکے ہیں اور ان سے مایوس ہو چکے ہیں اور ملک بھر کے عوام کو صرف متحدہ قومی موومنٹ امید کی کرن نظر آرہی ہے۔ انشاء اللہ عیدالفطر کے بعد صوبہ پنجاب میں تنظیم نو کے سلسلے میں ورکرز کنونشن منعقد ہوگا جو صوبہ پنجاب کی تاریخ کا بہت بڑا عوامی سیلاب ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے استحصال زدہ اور مسائل کا شکار حق پرست جماعت ایم کیوایم کو ایک مرتبہ آزما کر دیکھیں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ جب ایم کیوایم کی وفاق اور صوبوں میں حکومت قائم ہوگی تو ملک بھر میں عوام کی حکمرانی ہوگی۔ ملک میں لوٹ مار، اشیائے خوردنوش کی اسمگلنگ، ذخیرہ اندوزی کرنے اور لوٹ مار کرنے والوں کا صرف ایم کیوایم ہی کڑا احتساب کرسکتی ہے کیونکہ ایم کیوایم کے کسی رہنماء یا منتخب نمائندوں کی کوئی شوگر یا فلور مل نہیں ہے۔ ایم کیوایم 1987 سے وفاقی وصوبائی اور بلدیاتی حکومتوں میں اتحادی جماعتوں کی حیثیت سے شریک رہی لیکن الطاف حسین، پاکستان کا واحد سیاسی رہنماء ہے جس کی کوئی شوگر مل یا سیمنٹ فیکٹری نہیں ہے۔ الطاف حسین کی کوئی انڈسٹری یا مل تو کجا پورے پاکستان میں کوئی الطاف کا محل نہیں ہے مگر ملک بھر کے لاکھوں غریب عوام کے دلوں میں الطاف حسین کے محلات موجود ہیں۔ ایم کیوایم کی جب وفاق اور صوبوں میں حکومت قائم ہوگی تو قومی خزانہ لوٹنے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کیخلاف صرف تحقیقاتی کمیٹی نہیں بنائے گی بلکہ آئین وقانون کے تحت ان سب کا عوامی احتساب کیا جائے گا، غریب عوام پر ظلم وستم کرنے والوں کا عوام احتساب کیا جائے گا اور ایم کیوایم ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کریگی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ظالم جاگیرداروں اور وڈیروں نے ایسے حالات پیدا کر دیتے ہیں کہ آج غریب مائیں، اپنے بچے فروخت کرنے پر مجبور ہیں جن لوگوں نے ملک کی دولت لوٹی ہے ان کی جائیدادیں فروخت کرکے وہ رقم اسپتال اور کالج کی تعمیر میں استعمال کی جائے گی اور جائیدادیں

فروخت سے حاصل ہونے والا پیسہ قومی خزانے میں جمع کرایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے پاکستان کی سیاست میں موورثی سیاست کا طلسم توڑا ہے آج تک الطاف حسین کا کوی بھائی ،بہن یا دیگر رشتہ دار اسمبلیوں اور سینٹ کا رکن نہیں بنا، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ الطاف حسین بے وقوف ہے اس نے اتنے عرصے سیاست کی مگر اپنے خاندان کے لئے کوئی محل یا جاگیر نہیں بنائی لیکن میں ان سے کہتا ہوں کہ ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے کروڑوں عوام کے گھر الطاف حسین کے ہی محل ہیں۔الطاف حسین کو پیار، محبت اور عقیدت کا جو خزانہ حاصل ہے اس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔مظلوم پاکستانیوں اور حقوق سے محروم عوام جو سچی، محبت الطاف حسین سے کرتے ہیں میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اتنی محبت ملک کے کسی سیاسی لیڈر کو حاصل نہیں ہے۔انہوں نے ٹی وی چینل کے مالکان، مدیران اور اینکر پرسن سے درخواست کی کہ وہ اپنے ٹاک شو میں مرغے لڑانے کے بجائے عوام کے بنیادی مسائل زیر بحث لائیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی کابینہ،صوبائی وزرائے اعلیٰ اور صوبائی کابینہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر آٹے ،شکر کے بحران اور مہنگائی کا خاتمہ کرنے کے لئے موثر اقدامات کریں ورنہ عوامی سیلاب ان سب کے تخت وتاج اور محلات بہا کر لے جائے گا۔اپنے خطاب کے آخر میں جناب الطاف حسین نے شرکاء کو سالگرہ اور عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد دی اور انہیں دعاؤں سے نوازا۔

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان سمیت مختلف مما لک سے بے شمار مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے

## رات کے 12 بجتے ہی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مبارکباد کے ٹیلیفون کا تانتا بندھ گیا

## یوکے یونٹ کے کارکنوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کر الطاف حسین کو ان کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اوران سے تجدید عہد وفا کیا

لندن۔۔۔17 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان سمیت مختلف مما لک سے بے شمار مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے۔گزشتہ روز بھی پاکستان کے وقت کے مطابق رات کے 12 بجتے ہی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مبارکباد کے ٹیلیفون کا تانتا بندھ گیا،سیکریٹریٹ کے تمام ٹیلی فون لائنیں مصروف ہوگئیں اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی ۔ جب لندن کے مقامی وقت کے مطابق رات کے 12 بجے تو ایک بار پھر سیکریٹریٹ میں مبارکباد کے ٹیلی فون کالز کا تانتا بندھ گیا۔ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکنوں نے رات کو انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کر جناب الطاف حسین کو ان کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اوران سے تجدید عہد وفا کیا۔سالگرہ کے مبارکباد کے پیغامات موصول ہونے کا سلسلہ آج بھی جاری رہا اور فون کے ساتھ ساتھ ای میل اور فیکس کے ذریعے بڑی تعداد میں مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے۔

## کارکنان کسی بھی کامیابی اور خوشی کے موقع پر شہداء کو یاد رکھیں، الطاف حسین

کراچی۔۔۔16/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کارکنان سے کہا کہ وہ کسی بھی کامیابی اور خوشی کے موقع پر اپنے شہداء کو کبھی نہ بھولیں۔انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رنگ لارہی ہیں اور پاکستان کے غریب ومتوسطہ کے عوام کی نگاہیں صرف اور صرف ایم کیوایم پر لگی ہوئی ہیں۔ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اپنی سالگرہ کے سلسلے میں منعقدہ تجدید عہد وفا کی تقریب خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ موجوہ حالات میں پوری قوم کی نظریں ایم کیوایم کی طرف ہیں کیونکہ ایم کیوایم میں نا کوئی سرمایہ دار ہے، نہ وڈیرہ اور نہ ہی جاگیر دار جس کی آٹے اور شوگر کی ملیں ہوں۔انہوں نے حالیہ دنوں میں آٹے ،چینی کے حصول کیلئے جو خواتین، بچے اور بچیاں شہید ہوئے ہیں ان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعائیں کیں۔

## الطاف حسین کی ہمشیرہ سائرہ خاتون نے اپنے بھائی کو دعاؤں سے نوازہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کی نائن زیرو پر ہونے والی سادہ لیکن پروقار تقریب میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون ار دیگر اہلخانہ بھی موجود تھے۔محترمہ سائرہ خاتون نے اپنے بھائی الطاف حسین کو دعاؤں سے نوازہ اور انہیں سالگرہ کی پرخلوص مبارکباد دی۔

## الطاف حسین نے معطل کارکنان کو معاف کرنے کا اعلان

کراچی ۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ان تمام معطل کارکنان جنہوں نے بڑی بڑی غلطیاں نہیں کی ہیں انہیں معاف کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بدھ کو اپنی 56ویں سالگرہ کے موقع پر نائن زیرو پر منعقدہ تجدید عہد وفا کی سادہ تقریب سے اپنے خطاب کے دوران کیا۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ ان کارکنان سے رابطہ کریں اوران سے عہد لیں کہ وہ آئندہ تنظیمی نظم وضبط پر عمل کریں گے اور ایسی غلطیاں نہیں کریں گے ۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو مزید ہدایت کی کہ وہ ایسے تحریکی ساتھیوں کو تحریکی کام میں شامل کریں، میں آج کے دن انہیں معاف کرتا ہوں ۔

## ملک سے ایڈہاک ازم اور جمود کا خاتمہ صرف الطاف حسین کی جدوجہد کے ذریعے ممکن ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## بدھ کی شب نائن زیرو پر تجدید عہد وفا کی تقریب کے شرکاء سے خطاب

کراچی ۔۔۔17 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ملک کے مسائل کا کوئی حل ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ کے پاس ہی ہے اوراگر پاکستان کے مظلوموں کی نجات کی کوئی ضمانت ہے تو وہ صرف الطاف حسین ہیں ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر تجدید عہد وفا کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کے موقع پر کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اب اس بات میں کوئی کلام نہیں کہ ملک سے ایڈہاک ازم اور جمود کا خاتمہ صرف الطاف حسین کی جدوجہد کے ذریعے ممکن ہے ۔انہوں نے کہا کہ لوگ سوال کرتے ہیں کہ ایم کیوایم کے کارکنان الطاف حسین کی سالگرہ اتنے والہانہ انداز میں جمع ہوکر کیوں مناتے ہیں اس کا جواب ہمارے پاس یہ ہے کہ الطاف حسین جتنا پیار اپنے کارکنوں ، بزرگوں ،عوام ، ماؤں اور بہنوں سے کرتے ہیں اتنا پیار کوئی اور لیڈر اپنے عوام وکارکنان سے نہیں کرتا اور یہی وجہ ہے کہ کارکنان اپنے محسن قائد کی سالگرہ پورے جوش وجذبے سے مناتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ یہ بات دیگر پارٹیوں کے رہنماء بھی تسلیم کرتے ہیں کہ الطاف حسین جتنا پیار اپنے کارکنوں وعوام سے کرتے ہیں اتنا پیار ،محبت اور شفقت کوئی رہنماء نہیں کرتا ۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں محبت کی مختلف شکلیں ہیں لیکن الطاف حسین کا اپنے ساتھیوں سے محبت اور پیار اپنی تکمیل اور کو ضرور پہنچتا ہے جس کی تکمیل اس کی تجدید کارکنان ہر سال کرتے ہیں اور قائد سے اپنی وابستگی اور عقیدت کیلئے جمع ہوتے ہیں ۔انہوں نے ملک کو آٹے چینی اور بجلی کے بحران جیسے مسائل کا سامنا ہے ۔لہٰذا اس بات میں کوئی ابہام نہیں ہے کہ ملک سے سالہ ایڈہاک ازم اور جمود کا خاتمہ ہوگا تو وہ صرف الطاف حسین کی جدوجہد سے ہی ممکن ہوگا

## الطاف حسین کی سالگرہ تقریب کے موقع پر نعمان سہگل کی ایم کیوایم کے نغموں پر تیار کردہ کیسٹ کا اجراء

کراچی ۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی نائن زیرو پر ہونے والے تقریب میں سابق مشیر سندھ نعمان سہگل کی تیار کردہ ایم کیوایم کے ترانوں کی آڈیو سی ڈی کا بھی اجراء کیا گیا۔اس کے اجراء کی آمدنی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنے خطاب کے آخر میں کیا۔

## معصوم بچیوں کا اغواء اور زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے ،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔17 ستمبر 2009ء

ایم کیوایم کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں معصوم بچیوں کے اغواء اور انہیں زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچیوں کو اغواء کرکے اپنی ہوس کا نشانہ بنانے والے درندہ صفت عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے اور ایسے سماج دشمن عناصر کے خلاف سخت ترین اقدامات کرنا حکومت وانتظامیہ کا بنیادی فرض ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے قائم مقام گورنر سندھ نثار کھوڑو، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ معصوم بچیوں کے اغواء کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوران واقعات میں ملوث عناصر کو سخت ترین سزا دی جائے ۔

## جمشید ٹاؤن کا اجلاس قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں

### ٹاؤن ناظم جاوید احمد کی جانب سے مساجد اور امام بارگاہوں کے معظم، حافظ صاحبان، سامے اور خادموں کیلئے عیدالفطر کے کپڑوں کے تحائف

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد کی سربراہی میں جمشید ٹاؤن آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ٹاؤن نائب ناظم ضیاالدین جمال، یوسیز ناظمین، یونین کونسل کے نائب ناظمین، کونسلرز اور جمشید ٹاؤن کے عملے کے علاوہ مختلف مساجد اور امام بارگاہوں کے معظم، حافظ صاحبان، سامے اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے ایم کیوایم کے قائد تحریک الطاف حسین کو ان کی 56ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ دریں اثناء جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید نے جمشید ٹاؤن کی مساجد اور امام بارگاہوں کے 370 سے زائد معظم، حافظ صاحبان، سامے اور خادم حضرات کیلئے عیدالفطر کے موقع پر نئے ملبوسات کے تحائف پیش کیے۔ یہ عید تحائف جاوید احمد نے حق پرست صوبائی وزیر محمد رضا ہارون، اراکین قومی اسمبلی وسیم اختر، رشید گوڈیل اور ٹاؤن نائب ناظم ضیاالدین جمال کے ہمراہ تقسیم کیے۔ اس موقع پر معظم، حافظ صاحبان، سامے اور خادم حضرات نے ٹاؤن ناظم جاوید احمد کا شکریہ ادا کیا۔

## مظفرآباد میں مسافر بس کے حادثے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔17 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مظفرآباد میں مسافر بس کے گہری کھائی میں گرنے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہوں پر اس قسم کے حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کو بچانے کیلئے مثبت اقدامات کیئے جائیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مسافر بس کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونیوالے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل دے۔ جناب الطاف حسین نے بس حادثے میں زخمی ہونیوالے تمام افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## الطاف حسین کی سالگرہ کے سلسلے میں دعائیہ اجتماعات

کراچی ۔۔۔17 ستمبر 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں دعائیہ اجتماعات منعقد ہوئے جن میں جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کے علاوہ جناب الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اس سلسلے میں جمعرات کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مرکزی دعائیہ اجتماع ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینزانیس قائمخانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور نائن زیرو پر تنظیمی فرائض انجام دینے والے شعبہ جات کے ارکان نے خصوصی شرکت کی۔

## ایم کیوایم غریبوں کو ان کا جائز حق دلانے کیلئے جدوجہد کررہی ہے، سیف یار خان

### پی پی او سی کے تحت سولجر بازار میں معززین شہر اور عوام وکارکنان کے اعزاز میں دعوت افطار سے خطاب

کراچی ۔۔۔17 ستمبر 2009ء

مظلوموں کی آہیں سارے محلات بہالے جائیگی ملک میں خاموش انقلاب دستک دے رہا ہے، ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی جمشید ٹاؤن سیکٹر کے زیر اہتمام معززین شہر اور عوام وکارکنان کے اعزاز میں منعقدہ دعوت افطار سے خطاب میں کیا۔ دعوت افطار کا اہتمام سولجر بازار نمبر3 نزد کے ایم سی میٹرنیٹی ہوم میں پی پی او سی نے کیا تھا۔ جس میں پی پی او سی کے انچارج گلفراز خان، مرکزی اراکین ظفر اقبال، اشرف اورکزائی اور فضیل اسلم ،معززین شہر اور حق پرست عوام اور ایم کیوایم کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر اور جمشید ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان

بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس کا کوئی بھی رکن پارلیمنٹ وڈیرہ، سرمایہ دار اور جاگیر دار نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے غریبوں کے دکھ درد کو محسوس کر کے ان کے حقوق کیلئے صدائے حق بلند کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کے غریب عوام آٹے، چینی کے حصول کیلئے لمبی لمبی قطاروں میں لگے ہیں اور اپنی جانیں گنواں رہے ہیں ایسے وقت میں ملک میں خاموش انقلاب دستک دے رہا ہے۔افطار ڈنر سے پی پی او سی کے انچارج ودیگر اراکین نے بھی خطاب کیا۔

## شیر پاؤ کالونی میں جرائم کی وارداتوں اور سماج دشمن عناصر کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر ارکان سندھ اسمبلی کا اظہار تشویش

کراچی۔۔۔17، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے لانڈھی کے علاقے شیر پاؤ کالونی میں سماج دشمن اور جرائم کی سنگین وارداتوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے شیر پاؤ کالونی دہشت گردی، اغواء برائے تاوان، قتل سمیت دیگر جرائم کی سنگین وارداتوں کا گڑھ بن چکا ہے اور گزشتہ دنوں یہاں سے مغوی کو بھی بازیاب کرایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کراچی میں ہونے والی زیادہ تر سنگین وارداتوں کے ڈانڈے شیر پاؤ کالونی سے ملتے ہیں اور یہاں جرائم کی ایک نئی دنیا آباد ہوگئی ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شیر پاؤ کالونی میں جرائم پیشہ عناصر پناہ گاہوں اور سرگرمیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے خاتمے کیلئے فی الفور عملی اور مثبت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

☆☆☆☆☆